# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

Date: 22 August-2024

Time : 09.00 to 09.10 AM

## آکاشوانی چھترپتی سنبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۲۲ ؍اگست ۲۰۲۴ء

وقت:09.00 سے 09.10؍بجے

***** ***** *****

### سب سے پہلے خاص خبروں کی سرخیاں

☆ سویابین اور کپاس کو فی ہیکٹر پانچ ہزار روپئے امداد کے لیے ای- فصل جانچ کی شرط ختم کرنے کا وزیراعلیٰ کا اعلان

☆ ریاست میں پیاز ‘ کپاس اور سویابین کے مسائل پر جلد ہی دِلّی میں میٹنگ کا انعقاد ‘ مرکزی وزیرزراعت شیوراج سنگھ چوہان کی یقین دہانی

☆ خواتین کی حفاظت کے لیے ریاستی حکومت کاربند وزیراعلیٰ کا اعلان جبکہ بدلاپور حادثہ کی مذمت میں 24؍تاریخ کو اپوزیشن پارٹیوں کی جانب سے مہاراشٹر بند کی اپیل

اور

☆ مہاراشٹر حکومت کی جانب سے دیے جانے والے مراٹھی فلم ایوارڈ کی کل ممبئی تقسیم

### اب خبریں تفصیل سے...

سویابین اور کپاس کو فی ہیکٹر پانچ ہزار روپئے امداد دینے کے لیے ای فصل جانچ کی شرط کو ختم کرنے کا اعلان وزیراعلیٰ نے کل پرلی ویجناتھ میں ریاستی سطح کے زرعی فیسٹیول کے افتتاح کے موقع پر کیا۔ ریاستی حکومت نے NDRF کے اصول بالائے طاق رکھتے ہوئے دوگنی نقصان بھرپائی دینے کا فیصلہ گزشتہ برس سویابین اور کپاس فصلوں کو نرخ کم ملنے کی وجہ سے کسانوں کو دو ہیکٹر کی حد میں فی ہیکٹر پانچ ہزار روپئے دینے کا فیصلہ کیا۔ اِس کے لیے ضروری ای فصل جانچ رپورٹ کئی کسانوں کے پاس نہ ہونے کی اطلاع موصول ہوئی تھی جس کی وجہ سے اب ای فصل جانچ رپورٹ کی شرط ختم کر کے سات بارہ اندراج کے مطابق امداد تقسیم کی جائے گی ۔ وزیراعلیٰ نے اِس موقع پر کسانوں کے ساڑھے سات ہارس پاور کے زرعی پمپوں کے بجلی بل کو مکمل طور پر معاف کرنے کا اعلان کیا۔

مرکزی وزیرزراعت شیوراج سنگھ چوہان کے ہاتھوں اِس نمائش کا افتتاح عمل میں آیا۔ ریاست کے پیاز ‘ کپاس اور سویابین سے متعلق مسائل کو حل کرنے کے لیے جلد ہی نئی دِلّی میں میٹنگ منعقد کی جانے کی اطلاع انھوں نے دی ۔ انھوں نے کہا کہ ترقی یافتہ بھارت کا خواب زراعت پر ہی پورا ہوسکتا ہے۔ فصل بیمہ کی زیرالتواء ‘ رقومات جلد ہی کسانوں میں تقسیم کی جائے گی ۔

اِس بارے میں چوہان نے مزید کہا کہ .....

'' آج جب میں آرہا تھا تو راستے میں کسان اُنھوں نے مجھے بتایا کہ فصل بیمہ یوجنا کے پیسے نہیں ملے۔ میں آپ کو آشواشِست کرتا ہوں میں نے وہیں سے فون کیا میرے ادھی کاریوں کو اور آپ کو میں وچن دیتا ہوں مہاراشٹر کے کسانوں کے ساتھ انئیائے ہوگا۔ فصل بیمہ یوجنا کا بچہ پیسہ پائی پائی دلوائی جائے گی۔ کسانوں کی آئی دوگنی کرنے کے لیے ہم کوئی کسر نہیں چھوڑیں گے۔ ہر سنبھو اُپائے کریں گے۔''

***** ***** *****

مراٹھواڑہ کے قحط کو دور کرنے کے لیے ریاستی حکومت کوشش کرنے کی پابند ہونے کے یقین کا اظہار نائب وزیر اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے کیا۔ سمندر میں بہہ جانے والا 50/ ٹی ایم سی پانی گوداوری طاس میں موڑنے کا فیصلہ لیا گیا۔ اِس ضمن میں اسکیم آخری مرحلہ میں ہونے اور بیڑ ضلع کے آشٹی تک یہ پانی پہنچنے کی اطلاع پھڑنویس نے دی۔

***** ***** *****

وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے نے کہا کہ ریاستی حکومت خواتین کو تحفظ فراہم کرنے کی صلاحیت رکھتی ہے اور تشدد کرنے والے ملزمین کے خلاف کارروائی کی جائے گی ۔ وہ کل رتنا گیری میں وزیر اعلیٰ میری لاڈلی بہن اسکیم کی میٹنگ سے خطاب کر رہے تھے ۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ بدلا پور واقعہ پر سیاست کرنا غلط ہے لیکن اپوزیشن اِسے بھول گئی ہے۔ انھوں نے یہ بھی الزام لگایا کہ بدلا پور ریلوے اسٹیشن پر ہونے والا احتجاج سیاسی طور پر محرک تھا۔

ہمارے نمائندے نے بتایا کہ پولس اِس امکان کی جانچ کر رہی ہے کہ بدلا پور میں ہونے والا احتجاج پہلے سے منصوبہ بند تھا۔ اِس معاملے میں کچھ فون کال اور وائس ریکارڈنگ پولس کے ہاتھ لگی ہے۔ اب تک 300/ افراد کے خلاف مقدمہ درج کیا گیا ہے اور 62/ افراد کو گرفتار کیا گیا ہے۔ گزشتہ روز 28/ افراد کو عدالت میں پیش کیا گیا جن میں سے 22/ افراد کو 14/ دنوں کی عدالتی تحویل میں بھیج دیا گیا۔

دریں اثناء عدالت نے تشدد کے اِس معاملہ کے ملزم اکشئے شندے کی پولس حراست میں 26/ اگست تک توسیع کر دی ہے۔ بتایا جاتا ہے کہ وکلاء نے اُس کا وکیل نامہ لینے سے انکار کر دیا۔

***** ***** *****

بدلا پور واقعہ کے پیش نظر ریاست میں اپوزیشن پارٹیوں نے آئندہ 24/ تاریخ کو مہاراشٹر بند کی اپیل کی ہے۔ کانگریس کے ریاستی صدر نانا پٹولے نے یہ اطلاع دی۔

دریں اثناء شیوسینا اُدھو بالا صاحب ٹھاکرے گروپ کی جانب سے کل مختلف مقامات پر اِس واقعہ کے خلاف اور ریاستی حکومت کے خلاف احتجاجی مظاہرے کیے گئے۔ چھترپتی سنبھاجی نگر اور بیڑ میں احتجاج کرتے ہوئے مظاہرین نے چوڑیاں توڑ کر حکومت کے خلاف نعرے بازی کی۔

***** ***** *****

ریاست میں لاڈلی بہن اسکیم کی بجائے محفوظ بہن چاہیے اِس مطالبے کیلئے وِدھان پریشد کے حزب اختلاف کے قائد امباداس دانوے کی سرپرستی میں شیوسینا اُدھو بالا صاحب ٹھاکرے گروپ کی لیڈر اور یوواسینا کے عاملہ کے ارکین نے کل ڈائریکٹر جنرل آف پولس ڈاکٹر رشمی شکلاء سے ملاقات کی بدلا پور واقعہ کے ملزمین کے خلاف سخت کارروائی کیے جانے کے محضر اس موقع پر دیے گئے۔

***** ***** *****

***** ***** *****

## یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سنبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں

***** ***** *****

خواتین اور بچوں پر ہونے والے تشدد کو روکنے کے نقطہ نظر سے ریاست کے تمام صنعتی تربیتی اِدارے اور ممبئی مضافات کے ہر کالج میں آئندہ مہینہ سے خود کی حفاظت کی تربیت کی جائے گی۔ اِسکل ڈیولپمنٹ وزیر منگل پربھات لوڈھا نے کل ممبئی کے ایک پروگرام میں یہ اطلاع دی۔ انھوں نے کہا کہ اسکول اور کالج کے خواتین بیت الخلاء میں خاتون ملازمہ ہی کا تقرر کیا جائے گا۔

***** ***** *****

کولکاتہ میں ایک ڈاکٹر پر تشدد اور قتل کے خلاف کل لاتور میں طلباء نے کینڈل مارچ نکالا۔ لاتور شہر میں ٹیوشن کلاس اسیوسی ایشن RCC کلاسیس اور مختلف سماجی تنظیموں کی جانب سے منعقد کیے گئے اِس مارچ میں بدلا پور واقعہ کے خلاف بھی شدید احتجاج کیا گیا۔

***** ***** *****

ریاستی حکومت کے مراٹھی فلم ایوارڈس کل ممبئی میں تقسیم کیے گئے۔ اِس دوران 2024ء کا ملکہ ترنم لتا منگیشکر ایوارڈ گلوکارہ انورادھا پوڈوال کو اور گلوکاری کے لیے سُدیش بھوسلے کو ایوارڈ سے نوازا گیا۔ اِسی طرح سال 2023ء کا وی شانتارام لائف ٹائم اچیومنٹ ایوارڈ شیواجی ساٹم اور وی شانتارام خصوصی تعاون ایوارڈ دِگپال لانجیکر کو تفویض کیا گیا۔ سال 2023ء کا آنجہانی راج کپور لائف ٹائم اچیومنٹ ایوارڈ آشا پاریکھ کو اور راج کپور خصوصی تعاون ایوارڈ ہدات کار این چندرا کو دیا گیا۔

***** ***** *****

وزیر اعلیٰ یوتھ ورک تربیتی اسکیم کے تحت ہنگولی ضلع میں اب تک 2/ہزار 810/امیدواروں نے آن لائن اندراج کروایا ہے اور 93/اِداروں کے ذریعے ایک ہزار 373/اسامیوں کو مطلع کیا گیا ہے۔ اب تک 97/امیدواروں کو تقرر نامے دیے جا چکے ہیں اور یہ تمام امدی وار رجوع بہ کار ہو چکے ہیں۔ اِس اسکیم کے تحت بارہویں کامیاب ٹرینٹر کو چھ ہزار روپئے۔ آئی ٹی آئی ' گریجویٹ ٹریز کو آٹھ ہزار روپئے اور گریجویٹ ' پوسٹ گریجویٹ ٹریز کو دس ہزار روپئے ماہانہ ملیں گے۔

***** ***** *****

چھترپتی سنبھاجی نگر کے میونسپل کمشنر و ایڈمنسٹریٹر جی شری کانت کی ایماء پر اسمارٹ اسکول بیسٹ اسکول اِس منصوبہ کے تحت کل ہر سول میں میونسپل مرکزی و ثانوی اسکول میں '' دوستی زندگی کی '' یہ ایک لیکچر کا انعقاد کیا گیا۔ پروفیسر گیانیشور کلکرنی نے اِس موضوع پر خطاب کیا۔

***** ***** *****

بزرگ ادیب مہادیو مورے کل کرناٹک کے نپانی میں انتقال کرگئے ۔ وہ 86 / برس کے تھے ۔ گزشتہ پچاس سالوں میں مراٹھی ادب کے میدان میں انھوں نے اپنا ایک منفرد مقام بنایا تھا۔ مہاراشٹر اور کرناٹک حکومت کی مختلف ایوارڈس سے انھیں نوازا گیا تھا۔ وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے نے اُن کے انتقال پر اپنے تعزیتی پیغام میں گہرے رنج وغم کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ریاستی حدی علاقوں کے مراٹھی عوام کے لیے اُن کی تحریریں ایک شمع کی مانند ہمیشہ روشن رہیں گی۔

***** ***** *****

ناندیڑ کی سوامی رامانند تیرتھ مراٹھواڑہ یونیورسٹی کے تحت کل ہنگولی ضلعے کے آکھاڑا باڑا پور میں واقع نارائن راؤ واگھمارے کالج میں انٹر کالج کراس کنٹری مقابلے منعقد ہوئے ۔ اِن مقابلوں میں نارائن راؤ واگھمارے کالج نے جنرل ایوارڈ حاصل کیا جبکہ سین گاؤں کے توشنیوال کالج کو دوسرا اور پربھنی ضلعے کے رانی ساور گاؤں کے پُنیہ شلوک اہلیہ دیوی ہولکر کالج کو تیسرا مقام حاصل ہوا۔

***** ***** *****

ڈاکٹر نریندر دابھولکر کے گیارہویں یادگاری دن کی کی مناسبت سے پربھنی کی انسدادِ اندھی تقلید کمیٹی اور گیانو پاسک کالج کے مشترکہ تعاون سے ڈاکٹر نریندر دابھولکر کی کتابوں کی رونمائی تقریب کل پربھنی میں منعقد کی ہوئی ۔ اِس تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ماہرِ نفسیات ڈاکٹر دِبھا جوشی نے کہا کہ سائنسی نقطۂ نظر سے بھائی چارے کے جذبات پروان چڑھانے اور قومیت کا احساس بیدار کرنے کا پیغام آنجہانی ڈاکٹر دابھولکر کی کتابوں سے ملتا ہے۔

***** ***** *****

راجیہ سبھا کے ضمنی انتخابات کے لیے راشٹروادی کانگریس پارٹی کی جانب سے کل نتن پاٹل کے نام کا اعلان کیا گیا۔ اِس سے قبل بی جے پی نے رائے گڑھ کے سابق رکن اسمبلی دھیریہ شیل پاٹل کے نام کا اعلان کیا تھا۔ اُن دونوں نے اپنے اپنے پرچے داخل کیے۔

***** ***** *****

## آخر میں خبروں کی سرخیاں ایک مرتبہ پھر سُن لیجیے ...

- ☆ سویابین اور کپاس کو فی ہیکٹر پانچ ہزار روپئے امداد کے لیے ای- فصل جانچ کی شرط ختم کرنے کا وزیر اعلیٰ کا اعلان
- ☆ ریاست میں پیاز ' کپاس اور سویابین کے مسائل پر جلد ہی دِلّی میں میٹنگ کا انعقاد ' مرکزی وزیر زراعت شیوراج سنگھ چوہان کی یقین دہانی
- ☆ خواتین کی حفاظت کے لیے ریاستی حکومت کاربند وزیر اعلیٰ کا اعلان جبکہ بدلاپور حادثہ کی مذمت میں 24 / تاریخ کو اپوزیشن پارٹیوں کی جانب سے مہاراشٹر بند کی اپیل

اور

- ☆ مہاراشٹر حکومت کی جانب سے دیے جانے والے مراٹھی فلم ایوارڈ کی کل ممبئی تقسیم

## علاقائی خبریں ختم ہوئیں

**آپ یہ خبرنامہ ہمارے یوٹیوب چینل AIR چھترپتی سنبھاجی نگر پر دوبارہ کسی بھی وقت سُن سکتے ہیں ۔**